**2025-08-26**

**Hrs 08.30**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                                محمد عمار**

**پہلے اِس وقت کی خاص خبریں**

---

**HL-Opening**

**1-    وزیراعظم نریندر مودی آج صبح گجرات میں احمد آباد کے نزدیک ہائبرڈ بیٹری Electrodes مقامی طور پر تیار کیے جانے کے کام کا افتتاح کریں گے اور 100 ملکوں کے لیے بیٹری الیکٹرک گاڑیوں کی برآمد کا آغاز کریں گے۔**

**2-    وزارت خزانہ نے مرکزی سرکار کے ملازمین کے لیے یونیفائڈ پینشن اسکیم کی جگہ نیشنل پینشن نظام کی یک وقتی منتقلی کا آغاز کیا ہے۔**

**3-    مرکز نے سردار پٹیل اور برسامنڈا کی 150ویں جینتی اور اٹل بہاری واجپئی کی صد سالہ جینتی منانے کے لیے اعلیٰ سطح کی تین کمیٹیاں قائم کی ہیں۔**

**4-    انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اُسے ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرِثانی کے تحت بہار میں 99 اعشاریہ ایک ایک فیصد رائے دہندگان کے دستاویزات موصول ہوگئے ہیں۔**

**5-    بھارتی بحریہ آج وشاکھا پٹنم میں جدید طرز کے دو Stealth جنگی بحری جہازوں Udaygiri اور Himgiri کو پانی میں اتارے گی۔**

**6-    اور: احمد آباد میں دولت مشترکہ ویٹ لفٹنگ چیمپین شپ میں میرا بائی Chanu نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**PM Gujarat**

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح گجرات میں احمد آباد کے نزدیک **Hansalpur** کے مقام پر ہائبرڈ بیٹری **Electrodes** مقامی طور پر تیار کیے جانے کے کام کا افتتاح کریں گے اور **100** ملکوں کے لیے بیٹری الیکٹرک گاڑیوں کی برآمد کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی اِس موقع پر وہاں موجود لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C Aparna Khunt**

اِس سے پہلے کَل وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا کہ کسانوں، مویشی پروری کرنے والوں اور چھوٹے کاروباری افراد کے مفادات ملک کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کسی بھی دباؤ میں آکر اِن گروپوں کو کسی طرح کا نقصان نہیں ہونے دے گا۔

وزیراعظم احمد آباد میں **Khodaldham** گراؤنڈ پر پانچ ہزار **400** کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے اور سنگِ بنیاد رکھنے کے بعد ایک بڑے جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔

**S/B PM**

جناب مودی نے یقین دلایا کہ سرکار نے معاشرے کے ہر طبقے کے لیے عزت ووقار کی زندگی کو یقینی بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ شہری علاقوں کے غریبوں کے رہن سہن میں سہولت پیدا کرنا، سرکار کی اولین ترجیح ہے۔

بھارت کے بڑی تبدیلی کے سفر کو اجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ملک ترقی کے راستے پر آگے بڑھ رہا ہے اور اِس میں خود کفالت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔

جناب مودی نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ سال **2047** تک بھارت ایک ترقی یافتہ ملک بن جائے گا۔ وزیراعظم نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ آتم نربھر بھارت کے نظریے کے حصول کے لیے بھارت میں بنائی گئی اشیا کو ترجیح دیں۔ ساتھ ہی انھوں نے مال تیار کرنے والوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی اشیا اور سامان کی کوالٹی کو مزید بہتر بنائیں۔

**S/B PM**

**Shivraj Chouhan IISER**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ سرکار نے بھارتی کسانوں کے مفادات اور اُن کی بہبود کو مقدم رکھتے ہوئے امریکہ سے زرعی اشیا کی

درآمد کی اجازت دینے سے انکار کیا ہے۔ وہ بھوپال میں سائنسی تعلیم اور ترقی کے بھارتی ادارے کی تقسیم اسناد کی تقریب میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔

جناب چوہان نے کہا کہ نیا بھارت اعتماد سے سرشار ہے اور جب بات اپنے شہریوں کے مفادات کے تحفظ کی ہو تو اُسے کسی کا بھی خوف نہیں ہے۔

**S/B 0815 Shivraj Singh Chauhan**

**Govt UPS NPS**

وزارتِ خزانہ نے مرکزی سرکار کے ملازمین کیلئے نئی متعارف کردہ یونیفائیڈ پنشن اسکیم UPS سے قومی پنشن نظام NPS میں یک وقتی منتقلی کی سہولت متعارف کرائی ہے۔ ایک سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق یہ سہولت یونیفائیڈ پنشن اسکیم کے صارفین کیلئے ریٹائرمنٹ کی عمر سے ایک سال پہلے یا رضاکارانہ ریٹائرمنٹ سے تین ماہ قبل تک دستیاب ہوگی۔ البتہ جن ملازمین کو برطرفی، برخاستگی یا انضباطی کارروائی کا سامنا ہے، وہ اس سہولت کے اہل نہیں ہوں گے۔

ایک بار یہ سہولت حاصل کرنے کے بعد ملازمین یقینی ادائیگیوں سمیت یونیفائیڈ پنشن اسکیم کے فوائد حاصل کرنے کے اہل نہیں ہوں گے۔

حکومت کا 4 فیصد اضافی حصہ، ملازم کے NPS فنڈ میں اسکیم سے نکلتے وقت شامل کردیا جائے گا۔ اس اقدام کا مقصد، پنشن کے فوائد کو منظم کرنا اور قومی پنشن اسکیم کو طویل مدتی ریٹائرمنٹ حل کے طور پر مزید مستحکم کرنا ہے۔

یکم اپریل 2025 سے حکومت نے UPS کو مرکزی حکومت کے ملازمین کیلئے NPS کے تحت ایک متبادل کے طور پر متعارف کرایا ہے، جس کے تحت ملازمین کو یقینی ادائیگی کی جائے گی۔ 20 جولائی کی تاریخ تک تقریباً 31 ہزار 555 مرکزی حکومت کے ملازمین نے یونیفائیڈ پنشن اسکیم کو اختیار کیا ہے۔ اس اسکیم میں اندراج کیلئے آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر کی گئی ہے۔

**x**

**Govt Committee**

سرکار نے سردار ولبھ بھائی پٹیل اور سرکردہ قبائلی شخصیت برسامنڈا کی 150ویں جینتی نیز اٹل بہاری واجپئی کی صد سالہ جینتی منانے کے لیے اعلیٰ سطح کی تین کمیٹیاں قائم کی ہیں۔ ثقافت کی مرکزی وزارت کے مطابق وزیراعظم نریندر مودی اِن تینوں کمیٹیوں کے چیئرمین ہوں گے۔ اِن کمیٹیوں کو ملک بھر میں یادگاری تقریبات کے منصوبے اور پروگرام تیار کرنے، نگرانی اور رہنمائی کا کام سونپا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Vishnu**

سردار ولبھ بھائی پٹیل گجرات کے **Nadiad** میں **31** اکتوبر **1875** میں پیدا ہوئے تھے اور ملک کی جدوجہد آزادی میں اہم رول ادا کیا۔ انھوں نے نہایت مختصر مدت میں ہی **565** رجواڑوں کو بھارتی یونین میں ضم کرنے کا کام بخوبی انجام دیا اوریہ ایک ایسا کارنامہ ہے جس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ سردار پٹیل کو بھارت کے مردِ آہن کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔

اسی طرح برسامنڈا بھی ایک مجاہد آزادی اور سرکردہ قبائلی شخصیت تھے۔ انھوں نے برطانوی راج کے خلاف قبائلی تحریکوں کی کمان سنبھالی۔ برسا منڈا کو قبائلی طبقے بھگوان کے طور پر احترام کرتے ہیں۔ انھوں نے استحصال کرنے والے نو آبادیاتی نظام کے خلاف شدید مزاحمت کی قیادت کی۔ قبائلی سورماؤں کی عزت افزائی کے لیے **15** نومبر کو اُن کا یومِ پیدائش ایک مناسب موقع ہوگا۔

جہاں تک اٹل بہاری واجپئی کی بات ہے تو وہ ایک شاعر، ادیب اور مدبر تھے اور وہ تین مرتبہ وزیراعظم کے عہدے پر فائز ہوئے۔ اٹل بہاری واجپئی کی جینتی منانے کے لیے **25** دسمبر کو اچھی حکمرانی کے دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ وزیراعظم کی حیثیت سے اُن کے دورِ حکومت میں بھارت نے **1998** میں پوکھرن دوئم ایٹمی تجربات کیے۔ سال **2015** میں اٹل جی کو ملک کے اعلیٰ ترین سویلین اعزاز بھارت رتن سے سرفراز کیا گیا۔

دلی سے وشنو **PS** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**SIR Documents Bihar**

چناؤ کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ اسے بہار میں **99** اعشاریہ ایک ایک فیصد ووٹروں کی جانب سے دستاویزات موصول ہو چکے ہیں، جبکہ ریاست میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی **SIR** کے تحت دعووں، اعتراضات اور دستاویزات جمع کرانے کی مدت ختم ہونے میں ابھی سات دن باقی ہیں۔ آخری تاریخ یکم ستمبر ہے اور ابھی تک صرف صفر اعشاریہ آٹھ نو فیصد ووٹرز نے اپنے دستاویزات جمع نہیں کرائے ہیں۔ **SIR** سے متعلق **24** جون کے احکامات کے مطابق دستاویزات کی تصدیق بیک وقت بہار میں **243** الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز **EROs** اور دو ہزار **976** اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز **AEROs** کے ذریعے کی جا رہی ہے۔

ووٹر فہرستوں کے مسودے میں شامل سات اعشاریہ دو چار کروڑ ووٹروں میں سے اب تک صفر اعشاریہ ایک چھ فیصد دعوے اور اعتراضات موصول ہوئے ہیں۔ چناؤ کمیشن نے تصدیق کی ہے کہ بہار میں SIR کا عمل فی الحال جاری ہے۔

دعوؤں اور اعتراضات پر تمام فیصلے، ساتھ ہی اہلیت کے دستاویزات کی تصدیق 25 ستمبر تک مکمل کرلی جائے گی۔ مکمل جانچ پڑتال کے بعد ووٹر فہرستوں کا حتمی مسودہ 30 ستمبر کو شائع کیا جائے گا۔x

**Indian Navy Udaygiri & Himgiri**

بھارتی بحریہ آج وشاکھا پٹنم میں اپنے جدید طرز کے دو Stealth بحری جنگی جہازوں Udaygiri اور Himgiri کو پانی میں اتارے گی۔P-17A طرز کا جنگی جہاز تقریباً چھ ہزار 700 ٹن کا ہے، جو پہلے کے Shivalik-class جنگی جہاز کے مقابلے میں کچھ زیادہ بڑا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اِس تقریب کی صدارت کریں گے۔

**V/C Henry**

وشاکھا پٹنم میں ہونے والی لانچ کی تقریب ایک مضبوط اور خودکفیل بحری دفاعی نظام کی سمت بھارت کے سفر کا ایک جشن ہوگا۔INS Udaygiri اور INS Himgiri کو جدید طرز پر ڈھالا گیا ہے۔ اِس سے بھارت کے سرکردہ دفاعی شپ یارڈس کے درمیان تال میل کے ساتھ ساتھ بحری جہاز تیار کرنے کی بھارت کی بڑھتی ہوئی قوت کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔ Udaygiri کو اپنی نوعیت کے سب سے تیز رفتار بحری جہاز ہونے کا امتیاز حاصل ہے اور یہ بھارتی شپ یارڈس کے بحری جہاز تیار کرنے کے Modular طریقۂ کار کا نتیجہ ہے۔ یہ جنگی بحری جہاز 200 سے زیادہ چھوٹے، بہت چھوٹے اور درمیانہ درجے کے صنعتی اداروں کے تعاون سے تیار کیے گئے ہیں اور اس سے روزگار کے تقریباً چار ہزار براہِ راست اور دس ہزار بالواسطہ مواقع بھی دستیاب ہوئے۔

وشاکھا پٹنم سے Henry کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

**India Tariffs**

امریکہ نے، بھارت سے درآمدات پر اضافی 25 فیصد محصول نافذ کرنے سے متعلق ایک پبلک نوٹس باضابطہ طور پر جاری کیا ہے۔ نئے محصولات کا اطلاق کَل سے ہوگا۔

اِس سے قبل صدر ٹرمپ نے بھارت کی جانب سے روس سے تیل خریدنے کا سلسلہ جاری رکھنے کی پاداش میں بھارت سے آنے والے سامان پر اضافی 25 فیصد محصول عائد کرنے کا اعلان کیا تھا اور اِس طرح یہ محصول مجموعی طور پر 50 فیصد ہوگیا۔

بھارت نے نام نہاد ثانوی محصول کو غیر منصفانہ، نامناسب اور بلا جواز قرار دیا ہے۔ بھارت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ اُس کے قومی مفاد کے تحفظ کے لیے وہ جو کچھ بھی کر سکتا ہے، کرے گا۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے گجرات میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش کا سلسلہ ہفتے تک اور راجستھان میں کَل تک جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق دلی، چنڈی گڑھ، ہریانہ، پنجاب، جموں و کشمیر، لداخ، اوڈیشہ اور وسطی آندھرا پردیش میں بھی آج کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

اُدھر ہماچل پردیش میں رُک رُک کر بارش ہونے کا سلسلہ جاری ہے جس سے روز مرہ کی زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی ہے۔ ریاست کے میدانی ضلعوں میں لگاتار بارش ہونے اور ندی نالوں کے کناروں سے باہر بہنے کی وجہ سے سیلاب جیسے حالات پیدا ہوگئے ہیں۔ موسمیات محکمے نے دو ضلعوں کانگڑا اور چمبا میں شدید بارش کے امکان کے مدِّنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔x

**J&K Weather**

جموں و کشمیر میں، جموں خطے کے مختلف حصوں میں کَل رات دیر گئے سے لگاتار تیز بارش ہو رہی ہے۔ خراب موسم کی وجہ سے جموں ڈویژن میں سبھی سرکاری اور پرائیویٹ اسکول آج دوسرے دن بھی بند ہیں۔

جموں میں 190 ملی میٹر سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی ہے، جو گذشتہ 100 سال میں اِس مہینے ہونے والی دوسری سب سے زیادہ مقدار ہے۔

جموں و کشمیر کے اسکولی تعلیم کے ریاستی بورڈ نے خراب موسم کی وجہ سے مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں جموں و کشمیر اور لداخ میں دسویں اور گیارہویں کلاس کے امتحانات ملتوی کردیے ہیں۔ حکام نے خاص طور پر جموں ڈویژن میں بادل پھٹنے کے ممکنہ واقعات، اچانک سیلاب آنے اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کی وارننگ جاری کی ہے۔x

## Punjab Flood

پنجاب کے کئی حصوں میں لگاتار بارش ہونے سے راوی، بیاس اور ستلُج دریا طغیانی پر ہیں، جس کی وجہ سے فاضلکا، گُرداس پور، ہوشیار پور، کپورتھلہ اور فیروزپور کے کچھ حصوں میں کئی گاووں میں پانی بھر گیا ہے۔ فاضلکا اور گرداس پور کی ضلع انتظامیہ نے 20 سے زیادہ گاؤں کے باشندوں کو صلاح دی ہے کہ وہ محفوظ مقامات پر چلے جائیں۔ x

## Mirabai Chanu

بھارت کی سرکردہ ویٹ لِفٹر میرا بائی Chanu نے کَل احمد آباد میں 2025 دولت مشترکہ ویٹ لِفٹنگ چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا۔ اِس طرح انہوں نے مسابقتی کھیلوں میں شاندار واپسی کی ہے۔ ٹوکیو اولمپکس میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی میرا بائی Chanu نے 193 کلوگرام کا وزن اٹھاکر Snatch, Clean and Jerk میں دولتِ مشترکہ چیمپئن شپ کا نیا ریکارڈ قائم کیا اور خواتین کے 48 کلوگرام زمرے میں سرِفہرست رہیں۔ یہ کامیابی حاصل کرنے کے بعد وہ Glasgow 2026 دولتِ مشترکہ کھیلوں کیلئے براہ راست کوالیفائی کرگئی ہیں۔ x

## Asian Shooting Championship

قزاخستان کے شہر Shymkent میں جاری 16ویں ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں بھارت کے تمغوں کی مجموعی تعداد 50 سے زیادہ ہوگئی ہے۔ اس طرح بھارت اب تمغوں کے لحاظ سے سرِفہرست ہے۔

خواتین کے Trap مقابلے میں Neeru Dhanda نے سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ قطر کی Ray Bassil نے چاندی کا تمغہ اور بھارت کی Aashima Ahlawat نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ Neeru اور Aashima نے Preeti Rajak کے ساتھ بھارت کیلئے ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔

اسی طرح مردوں کے Trap مقابلے میں Bhowneesh Mendiratta نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ وہ چین کے کھلاڑی Qi Ying سے تھوڑے ہی پیچھے رہ گئے۔

سینئر خواتین کے 25 میٹر پسٹل مقابلے میں مَنو بھاکر چوتھے مقام پر رہیں، جبکہ ایشا سنگھ چھٹے مقام پر رہیں۔ البتہ ٹیم مقابلے میں انہوں نے سِمرن پریت کور کے ساتھ کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ ختم ہونے میں ابھی تین دن باقی ہیں۔ فی الحال بھارت تمغوں کے لحاظ سے سرفہرست ہے۔ اس نے سونے کے 29، چاندی کے 11 اور کانسے کے 14 تمغے جیتے ہیں۔ x

**Atal Pension Subscribers**

اٹل پنشن یوجنا APY نے اِس مہینے کی 21 تاریخ تک آٹھ کروڑ گیارہ لاکھ سبسکرائبرس کی تعداد کو پار کرکے ایک اہم سنگ میل طے کیا ہے۔ مالی برس 2024-25 میں ایک کروڑ 17 لاکھ سے زیادہ نئے لوگوں نے اپنا اندراج کرایا ہے۔ اٹل پنشن یوجنا، ملک کی خواتین اور نوجوان آبادی کے درمیان تیزی کے ساتھ مقبولیت حاصل کررہی ہے۔ مالی برس 2024-25 میں مجموعی اندراج میں 55 فیصد خواتین تھیں۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے فجی کے وزیر اعظم کے بھارت دورے سے متعلق خبروں کو اپنے صفحہئ اول کی شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

ہندوستان ایکس پریس لکھتا ہے ”بھارت اور فجی کے درمیان 7 سمجھوتوں پر دستخط“ مہمان وزیر اعظم کی اپنے بھارتی ہم منصب سے ملاقات میں تعلقات کو نئی بلندی پر لے جانے کا فیصلہ۔

”آپریشن سندور کے دوران فورسز کو سرحدی علاقوں کے لوگوں کی مکمل حمایت حاصل ہوئی“۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے اِس بیان کو اردو اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

”بھارتی معیشت مستحکم اور امید افزا ہے“ ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر سنجے ملہوترا کے ِاس بیان کو روز نامہ انقلاب، ہندوستان ایکس پریس اور کئی دیگر اخبارات نے نمایاں جگہ دی ہے۔

اترپریش کے بلند شہر میں خوفناک سڑک حادثہ، کنٹینر نے ٹریکٹر کو ماری ٹکر، 9 لوگوں کی موت، 50 زخمی ہو گئے۔ اِس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے کہا ہے کہ اگر حزب اللہ کے ہتھیار ضبط ہو گئے تو اسرائیل - لبنان میں اپنی موجودگی کم کردے گا۔ اِس خبر کو تقریباً سبھی اردو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

ایران کے سپریم لیڈر سیدعلی خامنہ ای کے ِاس بیان کو بھی اردو اخبارات نے نمایاں طور پر شایع کیا ہے کہ ایران امریکی مطالبات کے آگے کسی صورت نہیں جھکے گا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور کچھ دیگر اخبارات نے روس اور یوکرین کے، ایک دوسرے کے 146 قیدی رہا کرنے سے متعلق خبر شائع کی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

-1 وزیراعظم نریندر مودی آج صبح گجرات میں احمد آباد کے نزدیک ہائبرڈ بیٹری Electrodes مقامی طور پر تیار کیے جانے کے کام کا افتتاح کریں گے اور 100 ملکوں کے لیے بیٹری الیکٹرک گاڑیوں کی برآمد کا آغاز کریں گے۔

-2 وزارت خزانہ نے مرکزی سرکار کے ملازمین کے لیے یونیفائڈ پینشن اسکیم کی جگہ نیشنل پینشن نظام کی یک وقتی منتقلی کا آغاز کیا ہے۔

-3 مرکز نے سردار پٹیل اور برسامنڈا کی 150ویں جینتی اور اٹل بہاری واجپئی کی صد سالہ جینتی منانے کے لیے اعلیٰ سطح کی تین کمیٹیاں قائم کی ہیں۔

-4 انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اُسے ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرِثانی کے تحت بہار میں 99 اعشاریہ ایک ایک فیصد رائے دہندگان کے دستاویزات موصول ہوگئے ہیں۔

-5 بھارتی بحریہ آج وشاکھا پٹنم میں جدید طرز کے دو Stealth جنگی بحری جہازوں Udaygiri اور Himgiri کو پانی میں اتارے گی۔

-6 اور: احمد آباد میں دولت مشترکہ ویٹ لفٹنگ چیمپین شپ میں میرا بائی Chanu نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔